# URDU

**(Second Language)**

***(Time : Three hours)***

***Answers to this Paper must be written on the paper provided separately.***

*You will **not** be allowed to write during the first **15** minutes.*

*This time is to be spent in reading the question paper.*

***The time given at the head of this Paper is the time allowed for writing the answers.***

---

*This paper comprises **two** Sections; **Section A** and **Section B**.*
*Attempt all the questions from **Section A**.*
*Attempt **four** questions from **Section B**, answering at least **one** question each from the **two** books you have studied and **any two** other questions from the same books you have compulsorily chosen.*
*The intended marks for question or parts of questions are given in brackets [ ].*

---

## SECTION A (40 Marks)

Attempt **all** questions

**Question 1**.

Write a short composition in **Urdu** of approximately **250** words on any **one** of the following topics :- [15]

درج ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے۔

۱۔ ہندوستان میں ہمیشہ سے مشترکہ خاندان (Joint Family) کی اہمیت رہی ہے آج کے دور میں مشترکہ خاندان کی روایت کے ختم ہونے سے معاشرہ میں ہونے والی اچھی اور بری دونوں طرح کی تبدیلیوں پر بحث کیجئے۔

۲۔ اشتہارات ہماری زندگی کو کس حد تک متاثر کرتے ہیں؟ تبصرہ کیجئے۔

۳۔ دیگر سیاروں کی کھوج اور ان میں زندگی تلاش کرنے پر جتنا پیسہ خرچ کیا جا رہا ہے۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ ہم اسی زمین پر خوشحال زندگی بسر کرنے کے لئے ان پیسوں کا استعمال کریں۔ اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

۴۔ ”قسمت بھی بہادروں کا ساتھ دیتی ہے“ آپ کی کیا رائے ہے ؟

---



© *Copyright reserved*

۵۔ نیچے دی ہوئی تصویر کا جائزہ لیجیے۔ اس تصویر سے آپ کے ذہن میں جو خیالات ابھرتے ہیں اس کی تفصیل بیان کیجیے۔
تصویر اور آپ کے مضمون کے درمیان واضح تعلق ہونا چاہیے۔



**Question 2**.

Write a letter in **Urdu** approximately in **120** words on any **one** of the topics given below :- [7]

نیچے دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر لگ بھگ ۱۲۰ الفاظ پر مشتمل اردو میں خط لکھیے

۱۔ اپنے محلے کے پولیس افسر کے نام خط لکھیے۔ جس میں اپنے گھر میں چوری ہونے کی اطلاع دیتے ہوئے جلد کارروائی کرنے کی گزارش کریں۔

۲۔ اپنے دوست کے نام خط لکھ کر دسویں جماعت میں اپنی امتیازی کامیابی کی خوشخبری دیجیے۔

**Question 3**.

Read the passage given below and answer in Urdu the questions that follow :-
(Use your own words)

نیچے دی ہوئی عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالوں کے جواب اردو میں لکھئے۔

'نقش فرنگ' جو قاضی عبدالغفار کا سفر نامہ یورپ ہے ان کی پہلی تصنیف ہے۔ یہ ۱۹۲۴ء میں شائع ہوا تھا۔ لیکن اس کی اشاعت میں کافی وقت لگا تھا کیونکہ قاضی صاحب نے اس کا انتساب جو مسیح الملک حکیم اجمل خاں کے نام ہے۔ مئی ۱۹۲۳ء میں سپرد قلم کیا اور پھر دل طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے' کے زیرعنوان پیش لفظ جون ۱۹۲۳ء میں لکھا۔ اس پیش لفظ میں انھوں نے لکھا ہے : گذشتہ سال موسمِ سرما میں یوروپ سے واپس آنے کے بعد چند ہفتے جناب قبلہ مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب کی پاکیزہ اور دل فریب صحبت میں گزرے۔ ان ہی چند ہفتوں میں یہ اوراق مرتب کئے گئے مگر ان کی تکمیل نہ ہوسکی۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ یوروپ کا یہ سفر ۱۹۲۱ء میں ہوا تھا۔ اس وقت قاضی عبدالغفار کی عمر ۳۳ سال تھی۔ ایک طرف لیلی کے خطوط، اور 'مجنوں کی ڈائری' اور دوسری طرف 'آثار جمال الدین افغانی' 'حیات اجمل' اور 'آثار ابوالکلام آزاد' کے مصنف کی حیثیت سے قاضی صاحب نے جو شہرت اور امتیاز حاصل کیا اس کا اولین نقش ہمیں 'نقش فرنگ' میں نظر آتا ہے۔ اس کتاب کو اپنی اولین تصنیف خود قاضی صاحب نے بتایا ہے۔ وہ لکھتے ہیں ''عمر کے بہترین پندرہ برس اخبار نویسی کے اس عہد میں گذرے جو ہندستان کی قومی زندگی کا ایک متلاطم اور یادگار عہد تھا۔ اس زمانے میں قلم ٹوٹا نہ تھا۔ بُرا لکھا مگر بہت کچھ لکھا لیکن قومی دریا کی دھار پر یہ سب کاغذ کی کشتیاں تھیں جو بہتی ہوئی نکل گئیں۔ کوئی ایک نقش بھی ایسا نہ تھا جو باقی رہ جاتا۔ بدنصیبی سے نہ کچھ اتنی توفیق حاصل ہوئی نہ اہلیت نصیب ہوئی کہ ان کاغذ کی ناؤ کے علاوہ چند باقی رہ جانے والے اوراق بھی مرتب ہوتے۔ ارادے کئے بھی تو پورے نہ ہوئے۔ یہ نام نہاد سفر نامہ جو محض سرسری مشاہدات کا ایک عکس ہے۔ میرے اوراق پریشاں کا پہلا مجموعہ ہے۔ اس سفر نامے کی اشاعت سے پہلے قاضی صاحب یورپ کا ایک اور سفر کر آئے تھے جو اگلے ہی سال یعنی ۱۹۲۳ء میں ہوا تھا۔ لیکن پیش نظر سفر نامہ پہلے ہی سفر کی روداد ہے اس میں کہیں کہیں دوسرے سفر نامے کے بارے میں بعض اشارے ملتے ہیں۔

۱۔ اس عبارت میں قاضی عبدالغفار کی کتنی کتابوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ ان کے نام لکھئے۔ [2]

۲۔ قاضی صاحب کی پہلی تصنیف کون سی ہے؟ اور اس کا انتساب کس کے نام ہے؟ [2]

۳۔ 'نقش فرنگ' کے پیش لفظ کا عنوان کیا تھا؟ اور یہ انھوں نے کب لکھا؟ [2]

۴۔ قاضی عبدالغفار نے یورپ کا سفر کتنی بار کیا؟ پہلے سفر کے وقت ان کی عمر کیا تھی؟ [2]

۵۔ خط کشیدہ الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔ [2]

**Question 4.**

Answer the following according to the instructions given :- [8]

دی گئی ہدایات کے مطابق مندرجہ ذیل کے جوابات لکھئے۔

(الف) نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کیجئے۔

۱۔ وہ اپنے الفاظوں پر قائم ہے۔

۲۔ کتا بڑی وفادار جانور ہے۔

(ب) ان الفاظ کی ضد لکھئے۔ (کوئی دو)

ظاہر کفر ترقی خرید قلت

(ج) ان الفاظ کی واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔

قدم اثرات

(د) ان میں مذکر کا مونث اور مونث کا مذکر لکھئے۔

استاد مالن

**SECTION B (40 Marks)**

*Questions from only **two** of the following textbooks are to be answered.*
*Attempt **four** questions from this section.*
*You must answer at least **one** question from each of the **two** books,*
*you have studied and any **two** other questions from the same books that you have chosen.*

لازوال مرقعے (حصہ نظم)

LAZAWAL MURAQQE (POEM)

**Question 5**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

فقیرانہ آئے صدا کر چلے — کہ میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم — سو اس عہد کو اب وفا کر چلے
کوئی نہ امیدانہ کرتے نگاہ — سو تم ہم سے منھ بھی چھپا کر چلے
بہت آرزو تھی گلی کی تری — سو یاں سے لہو میں نہا کر چلے

۱۔ اس غزل کے شاعر کون ہیں؟ دنیائے غزل میں ان کو کیا کہا جاتا ہے؟ [2]

[2] ۲۔ اس غزل کے ہم قافیہ اور ہم ردیف لکھئے۔

[3] ۳۔ اس غزل کے مطلع کی تشریح کیجئے۔

[3] ۴۔ خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے

**Question 6**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

درد منت کشِ دوا نہ ہوا      میں نہ اچھا ہوا برا نہ ہوا
جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو      ایک تماشا ہوا گلہ نہ ہوا
ہم کہاں قسمت آزمانے جائیں      تو ہی جب خنجر آزما نہ ہوا
ہے خبر گرم ان کے آنے کی      آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا
کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟      بندگی میں میرا بھلا نہ ہوا

[2] ا۔ اس کے شاعر کون ہیں؟ وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

[2] ۲۔ غزل کس کو کہتے ہیں؟

[3] ۳۔ غزل کے کون سے شعر میں تلمیح کا استعمال کیا گیا ہے؟ تشریح کیجئے۔

[3] ۴۔ رقیبوں کے متعلق شاعر نے کیا کہا ہے؟

**Question 7**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

ڈرتے ڈرتے دمِ سحر سے      تارے کہنے لگے قمر سے
نظارے رہے وہی فلک پر      ہم تھک بھی گئے چمک چمک کر
کام اپنا ہے صبح و شام چلنا      چلنا چلنا مدام چلنا
بیتاب ہے اس جہاں کی ہر شئے      کہتے ہیں جسے سکوں نہیں ہے

[2] ا۔ اس نظم کا عنوان کیا ہے؟ اس کے شاعر کون ہیں؟

[2] ۲۔ اس نظم میں کون کس سے مخاطب ہیں؟

۳۔ خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھئے۔ [3]

۴۔ شاعر اس نظم میں کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ [3]

لازوال مرقعے (حصہ نثر)

LAZAWAL MURAQQE (PROSE)

**Question 8**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

’’عمر بھر اپنے ہاتھ سے کام کر کے اپنے بچوں کو پالا تھا۔ بوڑھی ہو کر بھی وہ سورج نکلنے سے پہلے اٹھتی گرمی ہو یا جاڑا۔ ابھی ہم اپنے لحافوں میں دبکے پڑے ہوتے کہ اس کے گھر سے چکّی کی آواز آنی شروع ہو جاتی۔‘‘

ا۔ مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟ [2]

۲۔ اس بڑھیا سے محلے کے بچے کون کون سی کہانیاں سنا کرتے تھے؟ [2]

۳۔ اس کہانی میں کون سے دور اور کون سے جذبے کی نشاندہی کی گئی ہے؟ [3]

۴۔ ’ابھی ہم اپنے اپنے لحافوں میں دبکے پڑے ہوتے کہ اس کے گھر سے چکی کی آواز آنی شروع ہو جاتی‘ یہ جملہ کس نے کس کے تعلق سے کہا ہے؟ [3]

**Question 9**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

’’آدمی کتنا نیک ہو، دوسروں کے ہر دم بُرا کہنے پر جی دکھتا ہی ہے۔ اس کے دل کو بھی کبھی کبھی بڑی ٹھیس لگتی تھی، جھنجھلاتا تھا۔ آنکھوں میں آنسو بھر بھر آتے تھے مگر پھر صبر کر لیتا تھا۔‘‘

ا۔ یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟ [2]

۲۔ نیک آدمی کس طرح اپنی زندگی گذارتا تھا؟ [2]

۳۔ اس کہانی میں کون سی کتاب کا ذکر آیا ہے؟ اس کتاب میں کیا لکھا جاتا تھا؟ [3]

۴۔ نیک آدمی کیوں مایوس تھا؟ اس کو دوست واحباب کس نام سے پکارتے تھے؟ [3]

**Question 10**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

''ان سب چیزوں کا نام پوچھ کر اس کے دل میں ٹھنڈک سی ہوگئی۔ جیسے اس نے ایک روپئے والی آئس کریم کا پورا گلاس کھالیا ہو۔ اکثر جب وہ بیگم صاحب کے ساتھ بازار جاتا تو اسے سخت تعجب ہوتا کہ اتنے سنترے، آئس کریم، چاٹ اور مٹھائیاں بک رہی ہیں مگر پرس میں روپئے رکھنے کے باوجود بیگم صاحبہ کا دل کیوں نہیں چاہتا کہ یہ سب چیزیں کھالیں۔''

ا۔ ادو کی جیب میں ایک روپیہ آنے کے بعد وہ خود کو کیسا محسوس کر رہا تھا؟ [2]

۲۔ مولوی صاحب کس کو پڑھانے آتے تھے؟ مگر عمل کون کرتا تھا؟ [2]

۳۔ ادو نے ایک روپیے کا کیا کیا؟ [3]

۴۔ ادو کو ایمانداری کا کیا صلہ ملا؟ جبکہ کیا ملنا چاہئے تھا؟ [3]

## دروازے کھول دو – ڈراما (کرشن چندر)
## DARWAZE KHOL DO - DRAMA (KRISHAN CHANDER)

**Question 11**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

''اس لئے اچھن مرزا، ہم تو وہی زردہ تمبا کو بیچیں گے۔ پہلے صرف لکھنؤ میں بیچتے تھے۔ اب دلّی میں بیچیں گے۔ مگر استاد دلّی میں رہنے کے لئے کوئی ٹھکانہ تو ہونا چاہئے۔

ا۔ اس ڈرامہ کے اہم کردار کون ہیں؟ انکی بلڈنگ کا کیا نام ہے؟ [2]

۲۔ اچھن سے کون مراد ہیں؟ ان کا حلیہ بیان کیجئے۔ [2]

۳۔ مُنن پر رام دیال کیوں شک کر رہے تھے؟ [3]

۴۔ مُنن میاں رام دیال کے شک کو دور کرنے کے لئے کیا کہتے ہیں؟ [3]

**Question 12**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

”تو ضرور اسے یہاں فلیٹ مل گیا ہوگا۔ وہ غلط ٹیلی فون کرنے والی نہیں ہے۔ مجھے ذرا ایک مریض کے ہاں دیر ہوگئی ورنہ اس سے پہلے آجاتا۔ بلّو کہاں ہے۔“

| | | |
|---|---|---|
| [2] | ۱۔ | مندرجہ بالا ڈائیلاگ کس کا ہے؟ اور وہ کس سے بات کر رہا ہے؟ |
| [2] | ۲۔ | بلّو کا پورا نام کیا ہے؟ اس کو فلیٹ کی چابی کس نے دی ہے؟ |
| [3] | ۳۔ | بلّو کے والد کا کیا پیشہ تھا؟ وہ لوگ کہاں سے آئے ہیں؟ |
| [3] | ۴۔ | بلّو والد کو فلیٹ کے متعلق کیا بتلاتی ہے؟ |

**Question 13**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

”جب تک آپ چاہیں یہاں رہیے۔ تین سال کیا تیس سال رہیے بھاردواج جی۔ اس گھر کو اپنا ہی گھر سمجھئے۔

| | | |
|---|---|---|
| [2] | ۱۔ | مندرجہ بالا عبارت میں گفتگو کس کے درمیان ہو رہی ہے؟ |
| [2] | ۲۔ | بھاردواج جی اور ان کی بیوی کا حلیہ بیان کیجئے۔ |
| [3] | ۳۔ | مرد اور عورت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ |
| [3] | ۴۔ | رام دیال کی کیا شرائط تھیں؟ |

## ناول – نصوح کا خواب (توبتہ النصوح)

NOVEL–NUSUH KA KHAWAAB (TAUBAT-UN-NUSUH)—NAZEER AHMED

**Question 14**.

Read the passage given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

”آنکھ کا بند ہونا تھا کہ نصوح ایک دوسری دنیا میں تھا۔ جو خیالات ابھی تھوڑی دیر ہوئے اس کے پیش نظر تھے سب اس کے دماغ میں بھرے ہوئے تھے۔ اب متخیلہ نے ان کو اگلے پچھلے تصورات سے گڈ بڈ کر کے ایک نئے پیرائے میں لا سامنے کھڑا کیا۔ کیا دیکھتا ہے کہ۔۔۔۔“

۱۔ نصوح نے سب سے پہلے کس کو اپنا خواب سنایا؟ سننے والے پر اس کا کیا اثر ہوا؟ [2]

۲۔ باپ کو خواب میں دیکھنے کے بعد نصوح نے خود کی اور بچوں کی اصلاح کے لئے کیا طے کیا؟ [2]

۳۔ بچوں کی کون کون سی بری عادتوں کا نصوح خود کو ذمہ دار خیال تھا؟ [3]

۴۔ ''میرے ساتھ تو سب گستاخ ہیں'' یہ جملہ کون کس کو اور کیوں کہہ رہا ہے؟ [3]

**Question 15**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

''عصر کی نماز کے بعد نصوح نے اپنے منجھلے بیٹے علیم کو بلوایا۔ معلوم ہوا کہ ابھی اسکول سے آئے ہیں اور کپڑے اتار رہے ہیں تو کہلا بھیجا کہ اپنی ضرورتوں سے فارغ ہو کر ذرا کی ذرا میرے پاس ہو جائیں۔''

۱۔ علیم کون سے امتحان کی تیاری کر رہا تھا اور اس تیاری کے لئے کہاں جا رہا تھا؟ [2]

۲۔ علیم اسکول میں اپنے ساتھیوں کی کس طرح مدد کرتا تھا؟ [2]

۳۔ عید کے دن علیم کہاں جا رہا تھا؟ راستے میں کون کس کو پکڑے لے جا رہا تھا؟ [3]

۴۔ ماں کو علیم کی ہمدردی کا واقعہ کیسے معلوم ہوا؟ [3]

**Question 16**.

Read the extract given below and answer in **Urdu** the questions that follow :-

''کلیم کو پتہ نہ تھا۔ یہاں کے حالات بالکل بدل چکے تھے۔ ریزیڈنٹ کو ریاست کی بدنظمی کی خبر پہنچیں تو وہ خود دولت آباد پہنچ کر رئیس سے کل اختیارات منتزع کر، امور ریاست کا اہتمام ایک کمیٹی کو تفویض کیا جس میں ریاست کے چند قدیم نمک خوار تھے کہ وہ رئیس کی بے اعتدالیاں دیکھ کر ترک خدمت کر کے گھر بیٹھ رہے تھے۔''

۱۔ نوکری کی تلاش میں کلیم کہاں پہنچ گیا؟ اس کی سالانہ آمدنی کیا تھی؟ [2]

۲۔ کلیم فوج میں کس طرح کپتان مقرر ہو گیا؟ [2]

۳۔ کون سے واقعہ میں کلیم کی ایک ٹانگ کاٹ دی گئی تھی؟ [3]

۴۔ معذور کلیم کو کس کے گھر اور کیوں لے جایا گیا؟ [3]